57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 253 | صفحات : 08 | ۱۵ ستمبر ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق ۲۱ ربیع الاول ۱۴۴۷ | Monday 15th September 2025 | جلد نمبر 57



### آمدنی میں میسی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا

برطانوی اخبار 'دی سن' کی رپورٹ کے مطابق عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو ایک بار پھر دنیا کے سب سے زیادہ کمانے والے کھلاڑی قرار پائے ہیں۔ (تفصیلات اندر)



### ڈسکس تھرو ایونٹ میں طلائی تمغہ جیتا

دو بار کی اولمپک چمپئن امریکہ کی ویلری آل مین نے اتوار کو عالمی ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں خواتین کے ڈسکس تھرو کا ٹائٹل جیت لیا۔ (تفصیلات اندر)

## شہریوں کو ان کی صبح کی چائے سے لیکر رات کے کھانے تک

## ہر چیز میں فائدہ پہنچتا ہے/ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رامن



سرینگر سی این آئی / سامان اور خدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) اب روزمرہ کی زندگی کے ہر کونے میں اپنی موجودگی کا احساس دلا رہا ہے کی بات کرتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رامن نے کہا کہ گزشتہ آٹھ ماہ کے دوران حکومت نے ٹیکس کی درجہ بندی کو آسان اور واضح بنانے کے لیے کام کیا ہے تاکہ کاروباری اداروں کو کسی قسم کی الجھن کا سامنا نہ ہو۔ سی این آئی کے مطابق چنئی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رامن نے اس نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ جی ایس ٹی کی حالیہ اصلاحات کے اثرات ''لوگوں کے جاگنے سے لے کر سونے تک'' کیسے دیکھے جاسکتے ہیں، شہریوں کو ان کی صبح کی چائے سے لے کر/ 1




## ٹاٹا موبائل کے ایک گہری کھائی میں گرنے سے گاڑی سوار چل بسا

## اخروٹ کے درخت سے گر کر ایک شخص نے زمین پر دم توڑ دیا

سرینگر/اے پی آئی/ خطہ پیر پنچال کے راجوری میں ٹریفک حادثہ رونما، 45 سالہ شخص لقمہ اجل، سرحدی ضلع کپوارہ میں 50 سالہ شہری اخروٹ کے درخت سے گر کر زندگی کی جنگ ہار گیا۔ راجوری کے ڈیرہ گلی علاقے میں اُس وقت سنسنی دوڑ گئی جب محمد یونس ولد مقبول حسین نامی شخص اپنی مویشیوں اور کنبے کے افراد کو ٹاٹا موبائل لیکر راجوری کے مضافاتی علاقے کی طرف جا رہا تھا کہ گاڑی پر قابو نہ رکھ سکا گاڑی گہری کھائی میں جا گری اور مذکورہ شخص موقعے پر ہی دم توڑ گیا۔ پولیس نے نعش کو اپنی تحویل میں لیکر لوازمات پورا کرنے کے بعد میت لواحقین کو سونپ دی۔ ادھر درگمولہ کپوارہ میں محمد اکبر میر ولد غلام نبی نامی 50 سالہ شہری اخروٹ کے درخت سے گر کر شدید طور پر زخمی ہوا۔ اگر چہ مذکورہ شخص کو ضلع اسپتال کپوارہ منتقل کیا گیا تاہم ڈاکٹروں نے اُسے معائنہ کے دوران مردہ قرار دیا۔ مقامی شہری کی نعش جب اُس کے آبائی گھر مقام شاہ ولی پہنچادی گئی تو وہاں کہرام مچ گیا۔

## ''آپریشن سندور'' میں فوج نے اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا/ مودی

## ڈبل انجن والی حکومت میں بھارت اس وقت دنیا میں سب سے تیزی سے ترقی کرنے والا ملک

## کانگریس فوج کی حمایت کرنے کے بجائے پاکستانی تیار دہشت گردوں کی پشت پناہی کر رہی ہے

سرینگر/سی این آئی کے مطابق آسام کے درنگ ضلع کے منگلدوئی میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ کانگریس ہندوستانی فوج کی حمایت کرنے کے بجائے پاک تیار دہشت گردوں کی پشت پناہی کر رہی ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی زور دے کر کہا کہ بی جے پی دراندازوں کو زمین پر قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دے گی اور آبادی کو تبدیل کرنے کی ان کی سازش کو ناکام بنائے گی۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ آپریشن سندور ماں کامکھیا کے آشیرواد کی وجہ سے کامیاب ہوا، انہوں نے مزید کہا کہ مجھے اس مقدس سرزمین پر موجود ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جواہر لال نہرو نے 1962 میں چینی جارحیت کے دوران آسام کے لوگوں پر جو زخم لگائے تھے وہ ابھی بھرے نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی دراندازوں کو زمین پر قبضہ کرنے، خواتین اور لڑکیوں کی توہین کرنے اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی سازش کرنے کی اجازت نہیں دے گی، جو کہ قومی سلامتی کے لیے خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا'' بی جے پی کی ڈبل انجن والی حکومت آسام کے عظیم بیٹوں جیسے بھارت رتن بھوپین ہزاریکا کے خوابوں کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔'' وزیر اعظم نے زور دے کر کہا کہ ہندوستان دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشتوں میں سے ایک کے طور پر ابھر رہا ہے، اور کہا کہ آسام کی ترقی کی شرح 13 فیصد ہے۔/ /2



## زورِ گرمی سے اہل وادی کا جینا مشکل گیا ہے

## جوں جوں ماہ گذرتے جاتے ہیں درجہ حرارت میں نمایاں طور کمی کے بجائے اضافہ



سرینگر/ رواں ماہ ستمبر سال کا نواں مہینہ ہوتا ہے لیکن اس کے تین ہفتے گذرتے کے باوجود موسم خوشگوار نہیں ہے اور دھوپ میں بیٹھنے کے بجائے دھوپ سے دُور رہنے کی چاہ رہتی ہے۔ وادی کشمیر میں گرمی کے زور میں کمی نہ آنے سے روزمرہ کام بری طرح متاثر ہوگئے ہیں۔ صبح طلوع آفتاب سے لیکر دوپہر تک تیز گرمی سے راہ گیروں کو شدید تکالیف کا سامنا ہے۔ کل کشمیر کے کئی حصوں میں اتوار کے روز ہیٹ ویو جیسی صورتحال دیکھنے میں آئی، زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت پوری وادی میں معمول کی سطح سے نمایاں طور پر بڑھ گیا۔ کل اتوار ہونے کے سبب سکولوں میں چھٹی کے ہوتے ہوئے پرائمری اور مڈل کلاس تک کے بچوں کو گرمی سے پالا نہ پڑا اور نہ سکولوں میں انہیں کئی طرح کی دشواریوں سے گذرنا پڑتا۔ اعداد و شمار کے مطابق سری نگر اور کپواڑہ میں بالترتیب زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.6 ڈگری سینٹی گریڈ، 4.8 ڈگری سینٹی گریڈ اور 4.1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ قاضی گنڈ نے 32.2°C درج کیا، جو معمول سے تقریباً 5.7°C زیادہ ہے، جبکہ کوکرناگ 30.8°C کو چھو گیا، جو 5.3°C کی روانگی کا نشان ہے۔ پہلگام کے سیاحتی مقام پر 27.2°C، 3.3°C معمول سے زیادہ، جبکہ گلمرگ میں 23.8°C، 5.2°C معمول سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔ جموں کے علاقے میں، جموں شہر میں 33.8 ڈگری سینٹی گریڈ، معمول سے 1.1 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ہے۔ بانہال میں 29.2°C، 1.5°C معمول سے زیادہ ہے، جبکہ بٹوٹ میں 26.1°C، اوسط سے 0.4°C زیادہ ہے۔ بھدرواہ میں 29.5°C، 1.5°C معمول سے زیادہ درج کیا گیا۔ کٹرا نے، تاہم، 28.2°C، 1.8°C معمول سے کم کے ساتھ ہلکی سی راحت ریکارڈ کی ہے۔ اس دوران لداخ نے بھی گرم حالات کا تجربہ کیا جس میں لیہہ 25.6°C اور کارگل 29.1°C ریکارڈ کی گئی۔ موسمیات کے ماہرین نے درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافے کی وجہ طویل خشک موسم کو قرار دیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ اگر موسم کے موجودہ نمونوں میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی تو آنے والے ہفتے میں یہ خطہ معمول سے زیادہ گرم دن کا تجربہ کرسکتا ہے۔

## باروودی سرنگ کے دھماکے میں 24 سالہ نوجوان زخمی ہوگیا

سرینگر: جنوبی کشمیر کے ضلع انت ناگ کے کھنڈرو علاقے میں اتوار کو باروودی سرنگ کے دھماکے میں ایک 24 سالہ لڑکا شدید زخمی ہوگیا۔ ایک سینئر پولیس افسر نے بتایا کہ لارنو کا رہائشی 24 سالہ لڑکا کھنڈرو میں اپنے ماموں کے گھر سے ملنے گیا تھا جب وہ فوج کی باڑ میں گھس گیا اور دھماکے میں پھنس گیا۔ افسر نے بتایا کہ انہیں فوری طور پر جی ایم سی انت ناگ لے جایا گیا، جہاں ان کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

## ملی ٹینٹوں کے 3 ہمدرد گرفتار، اسلحہ اور گولیبارود برآمد/ آئی جی پی جموں

## بارود کے ذخیرہ میں 7 اٹو میٹک رائفلیں بھی شامل ہیں

سرینگر/ کے این ایس/ انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی پی) جموں بھیم سین ٹوٹی نے اتوار کو کہا کہ سیکورٹی فورسز نے پونچھ میں 3 دہشت گردوں کے ہمدردوں کی گرفتاری اور ہتھیاروں اور گولہ بارود کے بھاری ذخیرے کے ساتھ سات اے کے رائفلوں کی برآمدگی کے ساتھ ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق ایکس پر ایک پوسٹ میں، آئی جی پی جموں نے اپنے ہینڈل پر، ورٹے نے اسے جموں اور کشمیر پولیس کی طرف سے ''ایک شاندار تحقیقات'' قرار دیا، ٹیم کی استقامت کے لیے تعریف کی جس کی وجہ سے یہ کامیابی حاصل ہوئی۔ پوسٹ میں کہا گیا ہے، ''کڑے عزم اور انتھک تحقیقات کے نتیجے میں 3 دہشت گردوں کے ہمدردوں کو گرفتار کیا گیا ہے، 07 اے کے (4 پہلے برآمد کیے گئے تھے) اور بڑی مقدار میں جنگی اسٹورز کی بازیابی ہوئی ہے۔''

## ڈوڈہ میں ویلیج ڈیفنس گارڈ نے اپنی بندوق سے اپنا خاتمہ کر دیا

سیرنگر/اے پی آئی/ ڈوڈہ میں اُس وقت سنسنی پھیل گئی جب ویلیج ڈیفنس گارڈ رویندر کٹوچ ولد جوگیندر کمار نے اپنے گھر کے سامنے لائسنس یافتہ بندوق کا استعمال کرتے ہوئے خود پر گولی چلائی جس سے وہ شدید طور پر زخمی ہوا۔ اگر چہ اُسے اسپتال پہنچایا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاکر دم توڑ گیا۔ ایڈیشنل سپرانٹنڈنٹ پولیس اجے آنند کے مطابق پولیس معاملے کی باریک بینی سے تحقیقات کر رہی ہے کہ کن وجوہات کی بنا پر اس نے زندگی کا خاتمہ کیا۔

## انسانی صحت کیلئے خراب گوشت کی کھوج کا سلسلہ جاری

## کولگام میں پولیس اور سول انتظامیہ کی مشترکہ کارروائی کے تحت چھاپے

سرینگر/ ایس ایس پی کلگام کی ہدایت پر پولیس اور سول انتظامیہ کی ایک مشترکہ ٹیم نے ڈی ایچ پورہ علاقے میں مختلف اسٹاکسٹوں اور فروخت مراکز پر چھاپے مارے۔ اس کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں گلاسڑا اور ناقص گوشت برآمد کیا گیا جو انسانی صحت کے لیے شدید خطرہ ثابت ہوسکتا تھا۔ افسران نے موقع پر ہی ناقص گوشت اور دیگر غیر معیاری کھانے پینے کی اشیاء کو تلف کر دیا، تاکہ یہ سامان مزید عوامی استعمال میں نہ آسکے۔ پولیس نے واضح کیا ہے کہ ایسے عناصر جو عوام کو مضر صحت خوراک فراہم کر کے منافع کمانے کی کوشش کرتے ہیں، ان کے خلاف کسی بھی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ پولیس اسٹیشن ڈی ایچ پورہ اور منزگام میں الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ضبط شدہ گوشت کے نمونے بھی لیبارٹری جانچ کے لیے روانہ کیے گئے ہیں تاکہ سائنسی بنیادوں پر حقائق سامنے لائے جائیں۔ کلگام پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بھی اس طرح کی سرگرمیوں کے بارے میں پولیس یا انتظامیہ کو بروقت اطلاع دیں تاکہ سماج کو غذائی بحران اور صحت عامہ کے خطرات سے بچایا جاسکے۔

## خراب سڑک کو قابل استعمال بنانے کیلئے ہم مالی مدد کیلئے تیار/ فروٹ منڈی شوپیان

## گاڑیوں کی روانگی میں تاخیر اور کرایہ میں اضافہ فروٹ گروؤس کیلئے تشویش ہے

سرینگر/ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کشمیر کی اقتصادیات میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے فروٹ کی صنعت سے وابستہ لوگ باغ مالکان اور گروورس شدید پریشانیوں سے دو چار ہیں۔ فروٹ گرورس اور شوپیان فروٹ منڈی کے صدر محمد اشرف وانی نے بتایا کہ روڑ کی مسلسل بریک ڈون اور گاڑیوں کی عدم موجودگی کے باعث ہر منڈی میں مال بڑی مقدار میں موجود ہے جبکہ بیرون وادی کی منڈیوں تک مال پہنچانے کے لئے یہاں مناسب ٹرانسپورٹ موجود نہیں ہے جس کی وجہ سے صنعت سے وابستہ لوگ زبردست پریشانیوں سے دو چار ہیں۔ انہوں نے بتایا اگر کسی جگہ گاڑی ملتی ہے تو کرایہ 1.75 لاکھ روپے تک ہے جس پر کوئی کنٹرول نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ افسوس کا مقام ہے کہ آج تک کسی بھی سیاسی لیڈر یا سرکاری افسر نے اس بارے میں کوئی بات نہیں کی ہے۔ صدر نے بتایا کہ اب ہم باغ مالکان کو یہ مشورہ دیتے کہ فلحال مال نہ اتاریں لیکن ہر روز مال گر جاتا ہے۔ سائنس اور ٹکنالوجی کا زمانہ ہے پھر یہ چھے سات گھنٹے کا کام مکمل کیوں نہیں ہوتا۔ وانی نے بتایا اگر سرکار کے پاس روڑ کو تعمیر کرنے کے لئے پیسے نہیں ہیں۔ تو ہم تمام فروٹ گرورس سڑک ٹھیک کرنے کے لئے رقم فراہم کریں گے۔ انہوں نے سرکار سے سڑک کو فوری طور بحال کرنے کی اپیل کی ہے تاکہ اس صنعت سے وابستہ لوگ بھاری خسارے سے بچ سکیں۔

## پونچھ میں تین دہشت گرد معاونین

## گولہ بارود سمیت گرفتار/ آئی جی جموں

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر پولیس نے پونچھ ضلع میں تین دہشت گرد معاونین کی گرفتاری عمل میں لاکر اُن کی تحویل سے سات اے کے رائفلوں سمیت بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا ہے۔ اس کارروائی کو سیکورٹی ایجنسیوں نے خطے میں دہشت گردی کے نیٹ ورک کے خلاف ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی پی) جموں بھیم سین ٹٹی نے اتوار کو ایک بیان میں کہا کہ یہ کامیابی پولیس کی انتھک کوششوں اور مستقل تفتیش کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے ایکس پر لکھا جموں و کشمیر پولیس نے تین دہشت گرد معاونین کو دھر دبوچ کر ان کے قبضے سے سات اے کے رائفلیں (جن میں سے چار پہلے ہی برآمد ہو چکی تھیں) اور دوسرا جنگی ساز و سامان برآمد کر کے ضبط کیا ہے۔

## چھت سے گر کر اور گھاس کاٹتے ہوئے پھسل کر دو اشخاص کی موت

## مویشیوں کو چراہ گاہ میں چراتے ہوئے ایک شخص ریچھ کے حملہ میں گھائل

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق جموں کے رام بن ضلع کے بانہال اور رامسو علاقوں میں اتوار کو الگ الگ حادثات میں دو افراد کی موت ہوگئی، جب کہ ریچھ کے حملے میں ایک خانہ بدوش شخص شدید زخمی ہوگیا۔ نمائندے نے عین شاہدین کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ پہلے واقعہ میں، محمد اقبال وانی ولد مرحوم عبدالطیف وانی ساکنہ سربغانی رامسو مرمت کا کام کرتے ہوئے مسجد کے ٹین کی چھت سے گر گیا۔ اسے فوری طور پر سب ضلع اسپتال بانہال لے جایا گیا لیکن پہنچنے پر اسے مردہ قرار دے دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اسی دوران بانہال کے چپناری میں ایک اور واقعہ میں سجاد احمد نائک ولد رحمت اللہ نائک گھاس کاٹتے ہوئے پھسل کر گہری کھائی میں جا گرا۔ قاضی گنڈ کے قریب راستے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ دریں اثنا، بانہال کے نیل علاقے کے چانگ مال میں، ایک خانہ بدوش بکروال محمد ریاض ولد محمد چندی ساکنہ مندوراونتی پورہ مویشی چرا رہے تھے، ایک ریچھ نے حملہ کیا۔ اسے شدید چوٹیں آئیں اور، ایس ڈی ایچ بانہال میں ابتدائی طبی امداد کے بعد، خصوصی علاج کے لیے جی ایم سی انت ناگ منتقل کیا گیا۔

## لداخ میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 3.7

## جانی، مالی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں



سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق صبح 8 بجکر 24 منٹ پر لیہہ، کرگل، زنسکار اور اس کے آس پاس کے علاقوں کے لوگوں میں اُس وقت سنسنی اور خوف ودہشت کا ماحول پھیل گیا جب زلزلے میں جھٹکے محسوس کئے گئے۔ ریکٹر پیمانے پر زلزلے کی شدت 3.7 ریکارڈ کی گئی تاہم زلزلے سے جانی اور مالی نقصان کے بارے میں فوری طور کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

## ڈوڈہ میں براڈ بینڈ انٹرنیٹ پھر سے شروع، بندش میں نرمی

## سکولوں کو کھولنے کیلئے بھی تیاریاں، حکام کا سول سوسائٹی سے تبادلہ خیالات



سرینگر/ سی این آئی کے مطابق حکام نے اتوار کے روز جموں کے ڈوڈہ ضلع میں براڈ بینڈ انٹرنیٹ خدمات کو بحال کیا جہاں عام آدمی پارٹی کے موجودہ رکن اسمبلی معراج ملک کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت حراست میں لینے کے بعد تقریباً ایک ہفتہ طویل پابندیوں کے بعد حالات معمول پر آنا شروع ہوئے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس، ڈوڈہ۔کشتواڑ۔رام بن رینج شریدھر پاٹل کے ساتھ ڈپٹی کمشنر ڈوڈا ہرویندر سنگھ اور سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سندیپ کمار مہتا نے تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کے نمائندوں سمیت سول سوسائٹی کے اراکین کے ساتھ ایک میٹنگ کے بعد ہفتے کی دوپہر سے لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندیوں میں چھ گھنٹے کیلئے نرمی کی گئی۔ عہدیداروں نے بتایا کہ نمائندوں کو یقین دلایا گیا کہ پابندیوں کو فوری طور پر شروع کرتے ہوئے آہستہ آہستہ نرم کیا جائے گا۔ افسران نے کہا تھا کہ مارکیٹ میں دکانوں کو دوبارہ کھولنا، ٹرانسپورٹ خدمات کی بحالی، براڈ بینڈ اور موبائل انٹرنیٹ خدمات کی بحالی اور اسکولوں کو دوبارہ کھولنا زمینی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد مرحلہ وار کیا جائے گا۔

## پاکستان میں مقیم سمگلروں کی طرف سے بھیجی گئی ''ہیروئین'' ضبط

## کپورتھلہ جیل میں بند ایک شخص پر نیٹ ورک چلانے کا الزام

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق فیروز پور پولیس نے سرحد پار اسمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنا دیا ہے اور ایک شخص کو گرفتار کیا ہے اور اس کے قبضے سے 15 کلو گرام ہیروئن برآمد کی ہے، پنجاب پولیس کے ڈائریکٹر جنرل گورو یادو نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے ایکس پر ایک پوسٹ میں لکھا انٹیلی جنس اطلاعات پر کارروائی کرتے ہوئے فیروز پور پولیس نے سونو سنگھ ساکنہ حبیب والا فیروز پور کو گرفتار کر کے سرحد پار منشیات کی اسمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنایا، اور اس کے قبضے سے 15.775 کلوگرام ہیروئن برآمد کی۔'' انہوں نے کہا کہ ابتدائی تفتیش سے پتہ چلتا ہے کہ منشیات کا نیٹ ورک ایک ملزم چلاتا ہے جو اس وقت کپورتھلہ جیل میں بند ہے، جب کہ یہ کھیپ پاکستان میں مقیم اسمگلروں نے بھیجی تھی۔ ڈی جی پی نے کہا کہ ایک ایف آئی آر درج کر لی گئی ہے، اور پورے نیٹ ورک کو بے نقاب کرنے کیلئے مزید تفتیش جاری ہے۔

## ناسازگار موسمی حالات کے پیش نظر

## شری ماتا ویشنو دیوی یاترا پھر معطل

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے ضلع ریاسی کے قصبہ ترکوٹہ پہاڑیوں میں واقع شری ماتا ویشنو دیوی مندر کی یاترا جو 19 دنوں تک معطل رہنے کے بعد آج یعنی اتوار کو دوبارہ شروع ہونے والی تھی، کو مسلسل بارش کے درمیان اگلے احکامات تک ایک بار پھر معطل کر دیا گیا ہے۔ شرائن بورڈ نے 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا: ' بھون اور ٹریک پر مسلسل بارش کی وجہ سے 14 ستمبر سے طے شدہ شری ماتا ویشنو دیوی یاترا کو اگلے حکم تک معطل کر دیا گیا ہے'۔

